نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کی ہدایات پر محکمہ زراعت کی غیر معیاری زرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری

ضلع ساہیوال میں 27لاکھ روپے 50ہزار مالیت کی زرعی زہریں قبضہ میں لیکر حوالہ پولیس کی گئیں

لاہور:09جنوری2024(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کی ہدایات پر محکمہ زراعت کی جعلی زرعی ادویات کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف صوبہ بھر میں کاروائیاں جاری ہیں۔ایسے ہی ایک آپریشن کے دوران ضلع ساہیوال میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (پی پی) ضلع ساہیوال ذوالفقار علی غوری کی سربراہی میں ٹیم نے خفیہ اطلاع ملنے پر ریگل کراپ سائنسز ضلع ساہیوال کے سٹور پر چھاپہ مارا اور **27لاکھ 50ہزار روپے** مالیت کی **780لٹر** غیر معیاری زرعی ادویات ضبط کرکے حوالہ پولیس کی گئیں اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے خلاف زیرِ دفعہ **21-A,420,468,471PPSC** کے تحت ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا گیا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ جعلی زرعی ادویات فروخت کرنے والے مافیا کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جارہی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ محکمہ جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے اور اس کاروبار کی بیخ کنی کیلئے تمام ممکنہ کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔

☆☆☆☆☆